# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

**کورس: بک ایڈیٹنگ اینڈ پروڈکیشن (9260)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس**

### درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ ! السلام علیکم۔

کورس: بک ایڈیٹنگ اینڈ پروڈکشن (9260) منتخب کرنے پر نیک خواہشات قبول کیجئے۔ کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات مد نظر رکھنے سے آپ کی تعلیم زیادہ بامقصد اور ہو سکتی ہے۔

امتحانی مشق مطالعہ اور کتاب سے ہم آہنگی جانچنے کے لیے حل کروائی جاتی ہے۔ اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر اسی صورت میں حاصل کیے جاسکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔ کتاب کا اچھی طرح مطالعہ کریں اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لیے بے حد ضروری ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ کتب، اخبارات اور میگزین کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں اور ان میں موجود مواد کی نوعیت کو اپنی درسی کتاب میں بیان کئے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

ڈاکٹر شاہد حسین

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: بک ایڈیٹنگ اینڈ پروڈکشن (9260)** **سمسٹر: خزاں 2026**

**سطح: بی ایس**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بر وقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1 تا 4)

سوال نمبر 1: پروف ریڈنگ کے دوران پائی جانے والی عام غلطیوں اور ان کی اصلاح کے طریقوں پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: کتابی پروڈکشن میں بجٹ اور لاگت کا کیا کردار ہوتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3: درسی، سائنسی اور ریاضی کتب کی تدوین کے اصول وضوابط پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 4: بین الاقوامی اشاعتی معیارات کتاب کی تیاری پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5: جدید کتابی ایڈیٹنگ اور پروڈکشن میں ٹیکنالوجی اور سافٹ ویئر کے کردار کا جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 5 تا 9)

سوال نمبر 1: کتابیات کی فہرست کس مقصد کے تحت تیار کی جاتی ہے؟ ایک معیاری فہرست کے اجزاء کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: طباعت کی اقسام کو مختصر انداز میں بیان کریں۔ نیز طباعت کی تاریخ پر ایک جامع تبصرہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: کتابی پروڈکشن میں رنگوں کے انتخاب کی اہمیت کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4: ایک کامیاب ایڈیٹر کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5: تعلیمی کتب اور فکشن کتب کی پروڈکشن میں فرق کا تجزیہ کریں۔ (20)